4040-جوترجمہ نہیں جانتا کیا اسے قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا

سوال

میں ہمیشہ قرآن مجید پڑھتا ہوں لیکن اس کے معانی کا علم نہیں رکھتا، توکیا مجھے اللہ تعالی کیا طرف سے پڑھنے کا ثواب ملے گا ؟

پسندیدہ جواب

قرآن مجید ایک بابرکت کتاب ہے جیسا کہ اللہ تعالی کے اس فرمان کا ترجمہ کچھ اس طرح ہے :

.{ یہ ایسی بابرکت کتاب ہے جو ہم نے آپ کی طرف نازل فرمائی ہے تاکہ اس کی آیات پر باعقل وباشعور لوگ غوروفکراور تدبر کریں }..

توانسان قرآن کریم کے پڑھنے پرماجور ہے اسے اس کا معانی وترجمہ سمجھ میں آئے یا نہ آئے، لیکن مومن اور مسلمان کے یہ شایان شان نہیں نہیں کہ وہ اس قرآن کریم کی تلاوت کرے جس پر عمل کرنے کا اسے مکلف بنایا گیا ہے اوروہ اس کا معنی اور ترجمہ بھی نہ سمجھ سکتا ہو۔

مثلا اگر کوئ شخص طب سیکھنا چاہے اور طب کی کتب پڑھے تو اس وقت تک اس کے لیے یہ ممکن ہی نہیں کہ وہ اس سے مستفید ہوسکے جب تک کہ وہ اس کے معانی نہ سمجھتا ہو اور اس کی شرح نہ کردی جائے، بلکہ وہ اسے سمجھنے کی پوری کوشش کرے گا تاکہ اس کی تطبیق کرسکے۔

توقرآن مجید کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے جوکہ کتاب اللہ اور لوگوں کے دلوں اور سینوں کی شفاء اور لوگوں کے لیے وعظ ونصیحت ہے کہ انسان اسے غور فکر اور تدبر کیے بغیر ہی پڑھتا رہے اوراس کے معانی کو سمجھنے کی کوشش ہی نہ کرے۔

اسی لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن مجید کی دس آیات سے اس وقت تک آگے نہیں جاتے تھے جب تک کہ وہ اس کا علم حاصل اوراس پر عمل نہ کرلیں، توانسان قرآن پڑھنے پرماجور ہے چاہے وہ اس کا معانی سمجھتا ہو یا نہ سمجھتا ہو۔

لیکن اسے یہ پوری پوری کوشش کرنی چاہیے کہ وہ اس کا علم حاصل کرے اور معانی کو سمجھنے کی کوشش کرے، اوراسے یہ علم ثقہ علماء کرام سے حاصل کرنا چاہیے جن کا علم

وامانت مسلمہ ہو، اگر اسے ایسا کوئی عالم نہ ملے جوکہ اسے یہ تعلیم دے سکے اور سمجھا سکے تو اسے چاہیے کہ وہ ان کتب تفاسیر سے رجوع کرے جوکہ ثقہ ہو مثلا تفسیر ابن کثیر، تفسیر ابن جریر وغیرہ، واللہ تعالی اعلم ۔ .